سوال

(687)جس نے نماز جمعہ کی ایک رکعت سے بھی کم پایا تو اس کا جمعہ فوت ہو گیا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

میں نماز جمعہ کے لئے مسجد میں بہت دیر سے گیا اور میں نے فقط التحیات کو پایا اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد میں نے فوت شدہ نماز کی تکمیل کر لی تو کیا میری یہ نماز کامل اور صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جس نے نماز جمعہ میں ایک رکعت سے کم حصہ پایا اس کا جمعہ فوت ہو گیا لہذا اسے ظہر کی چار رکعتیں پڑھنی چاہئیں اگر کوئی شخص دوسری رکعت میں رکوع کے بعد شامل ہو تو اسے نماز ظہر کی نیت کے ساتھ شامل ہونا چاہیئے اور اگر وہ جمعہ سمجھ کر شامل ہوا اور اس نے صرف دو رکعتیں پڑھیں تو اس کی نماز نہیں ہوگی لہذا اسے ظہر کی نماز دوبارہ پڑھنی ہوگی۔ (واللہ اعلم)

(شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 538

محدث فتویٰ